22- جاگو خریدار جاگو

اس عنوان کو پڑھ کر آپ کو کیا سمجھ میں آرہا ہے؟ ہماری ضرورتوں کو پورا کرنے کیلئے کوئی چیز اور خدمات خریدتے ہیں۔لیکن ایسا کرتے وقت کیا ہم چوکس رہتے ہیں؟ کئی مرتبہ ہمیں نقصان اٹھانا پڑتا ہے یا ایسا لگتا ہے کہ ہمیں ٹھگا گیا ہے یا ہم نے اشیاء خریدنے میں ناسمجھی دکھائی ہے۔

مقاصد:

- لفظ ''صارفین'' کے معنی سمجھ پائیں گے۔
- طلباء عام طور پر صارفین کو پیش آنے والے مسائل سے واقف ہوں گے۔
- معیاری علامتوں کے بارے میں واقفیت حاصل کریں گے۔

سرگرمی: 1

1. آپ بازار سے کن کن چیزوں کو خریدتے ہیں؟
2. کیا آپ کو معلوم ہے کہ آپ کے محلّہ کی کرانہ دکان کا سامان کہاں سے آتا ہے؟

صارف یا گاہک کسے کہتے ہیں؟

ذیل میں دیئے گئے پیراگرف کو بلند آواز اور واضح تلفظ سے پڑھیئے:

ہر شخص ایک صارف ہے۔جیسے کرشمہ اپنے گھر کے لیے سبزیاں خریدتی ہے۔وہ اپنی نوکرانی کو اس کی خدمات، جیسے گھر کی صفائی اور کپڑے دھونے وغیرہ کے لیے اس کو تنخواہ ادا کرتی ہے۔وہ بجلی اور پانی کا بل ادا کرتی ہے۔جتنی مرتبہ وہ کسی چیز یا حاصل شدہ خدمات کے لیے اس کا معاوضہ ادا کرتی ہے، اتنی مرتبہ وہ ایک صارف کہلائے گی۔صارف کے معنی ہیں خرچ کرنے والا یا استعمال کرنے والا۔یعنی کوئی شخص جو اپنی ضروریات کی تکمیل کے لیے اشیاء یا خدمات کو خریدتا یا استعمال کرتا ہے اس کو صارف کہتے ہیں۔

سرگرمی : 2

طلباء کے چھ گروپ بنائیں، جو رول پلے یا ڈرامہ کے ذریعہ متعلقہ موضوع کو پیش کریں گے۔

انہیں مندرجہ ذیل موضوعات پر مباحثہ کرنے کے لیے کہیں۔

1. ایم آر پی انتہائی پھٹکل قیمت سے زیادہ قیمت وصول کرنا۔
2. ٹی وی خریدنے کے بعد خدمات فراہم نہ کرنا۔
3. آپ نے پارلے جی سمجھ کر بسکٹ خریدے لیکن وہ کسی اور کمپنی کے نکلے کیوں لیبل ہو بہو پارلے جی جیسا ہے۔
4. پانی گرم کرنے کی مشین خریدی، لیکن اس بجلی کا کرنٹ لگتا ہے۔
5. چائے کی پتی میں ملاوٹ پائی گئی۔
6. دودھ والے کا ناپ (پیمانہ) صحیح نہیں ہے۔

نوٹ: کوئی اہم مسئلہ اگر پیش کش میں شامل ہونے سے رہ جائے تو استاد اس پر مباحثہ کریں۔

سرگرمی : 3

طلباء کے گروپ بنالیں ہر گرپ کو الگ الگ موضوع دیں۔طلباء کو گروپ مباحثہ کے لیے 5 منٹ اور پیش کش کے لیے 10 منٹ کا وقت دیں۔

1. بل نہیں دینا۔
2. ملاوٹی سامان
3. کم تولنا
4. زیادہ قیمت
5. نقلی سامان دینا

سرگرمی : 4

اساتذہ اس جدول کو پڑھیں طلباء کو معیاری علامات سے متعارف کرائیں۔طلباء سے اپنے گھر پر رکھی اشیاء کو دیکھ کر ان میں لگی معیاری علامت اور چیز کا نام لکھ کر لانے کو کہیں۔

جدول 22.2 کو یہاں دینا ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں:

ٹی۔وی پر آنے والے اشتہارات میں کسی چیز کی خصوصیات کا بڑھا چڑھا کر بیان کیا جاتا ہے۔اگر آپ کو کسی اشتہار میں دی گئی جانکاری غلط معلوم ہو یا پھر اس چیز کا استعمال کرنے کے بعد آپ کو نتائج ملیں تو ایک خبردار، چوکس صارف کی حیثیت سے آپ شکایت درج کر سکتے ہیں۔

اہم الفاظ:

صارف، ادائیگی، معیاری، ملاوٹ، خدمات